17 اپریل 2020

عزیز CPS والدین اور فیمیلیز،

آج صبح ہی، گورنر پرٹزکر (Pritzker) نے اعلان کیا ہے کہ COVID-19 کے پھیلاؤ کو مزید سست کرنے کی خاطر الینوائے میں اسکول کی بقیہ تمام سالانہ مدت کے لئے شخصی تدریس ملتوی کر دی جائے گی. ہم جانتے ہیں کہ یہ خبر سننے میں تکلیف دہ ہے، تاہم ہم گورنر کے فیصلے کو الینوائے کے تمام باشندوں کی صحت اور فلاح کے تحفظ کے ضمن میں سراہتے ہیں. لہٰذا اس وقت کہ جب ہماری اسکول کی عمارت بند ہو گی ، ہمارے اساتذہ پڑھانا جاری رکھیں گے اور ہمارے طلباء سیکھنا جاری رکھیں گے. آپ کے بچے کو تعلیم دینے کا اہم فریضہ نہیں رکے گا، اور آپ باقی ماندہ پورا سال ہماری جانب سے باقاعدگی سے اطلاعات پاتے رہیں گے. ہم جانتے ہیں کہ یہ مشکل وقت ہے، لیکن شکاگو پبلک اسکولز (CPS) اس راہ پر آپ کو ہر قدم پر مدد دینے کی غرض سے یہاں موجود رہے گا.

چونکہ ہم مل جل کر آگے بڑھنا جاری رکھیں گے لہٰذا یہاں کچھ چیزیں دی جا رہی ہیں جنہیں ذہن نشین رکھنا ضروری ہے.

ریموٹ تدریس اسکول کے سال کے اختتام تک جاری رہے گی.
یہ بڑھائی گئی بندش ہمیں آپ کے بچے کو وہ معیاری تعلیم فراہم کرنے سے نہیں روکے گی کہ جس کا وہ حق دار ہے. روبسٹ ریموٹ تدریس کے منصوبے 18 جون، 2020 تک جاری رہیں گے-جو کہ طے شدہ اسکول کی کلاسوں کا آخری دن ہے. آپ کے بچے کا اسکول اعلیٰ معیار کے تدریسی آپشنز فراہم کرتا رہے گا جو آپ کے خاندان کی ضرورتوں کے مطابق ہوں گے.

- ریموٹ تدریس پر تازہ ترین معلومات اور قیمتی تدریسی وسائل تک رسائی پانے کی خاطر cps.edu/remotelearning ملاحظہ کریں.
- اگر آپ کا اسکول آن لائن ریموٹ تدریس فراہم کر رہا ہے اور آپ کے بچے کو ڈیوائس چاہیئے، تو براہ کرم ان کے پرنسپل سے رابطہ کریں.
- ورچوئل تدریس میں شامل ہوتے وقت رازداری اور پوشیدگی کے بارے میں معلومات کی غرض سے یہ بہترین سرگرمیاں ملاحظہ کریں.
- یہ یقینی بنانے میں آپ کی مشغولیت کلیدی کردار رکھتی ہے کہ آپ کا بچہ اپنی بہترین کوشش کے ساتھ آگے بڑھ پائے. براہ کرم ان وسائل، سے استفادہ کریں جو آپ کو اسکول کی جانب سے پیش کردہ ہیں، جن میں اپنے بچے کے اساتذہ کے ساتھ ریموٹ دفتری اوقات صرف کرنا بھی شامل ہیں.
- اپنے بچے کی پیشرفت پر نظر رکھنے کے لئے براہ کرم پیرنٹ پورٹل استعمال کریں. پیرنٹ پورٹل پر مزید معلومات کے لئے یہاں کلک کریں اور سوالات کی صورت میں اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں.

اسکول کی باقی ماندہ سالانہ مدت کے لئے گریب اینڈ گو کھانے دستیاب رہیں گے.
چاہے اسکول بند ہی کیوں نہ ہو، پر ہم اسکول کی باقی ماندہ سالانہ مدت کے لئے مفت، صحت بخش خوراک فراہم کرنے پر کاربند ہیں. اب تک، ہم پانچ ملین سے زائد خوراکیں پیش کر چکے ہیں، اور ضرورت مند فیمیلیز شہر بھر میں 270 سے زائد کھانے کے مقامات سے گریب اینڈ گو کھانے لے سکتی ہیں.

- اپنا نزدیکی کھانے کا مقام معلوم کرنے کے لئے، cps.edu/mealsites ملاحظہ کریں.
- آپ اپنے بچے کے لئے کسی بھی مقام سے پیر تا جمعہ صبح 9 سے دوپہر 1 بجے تک تین دن تک کا کھانا لے سکتے ہیں.

ہم جانتے ہیں کہ اسکول کے سال کے اختتام سے متعلق متعدد سوالات باقی ہیں، جن میں چوتھی سہ ماہی میں گریڈنگ، درجاتی ترقی، اور گریجویشن کے لئے تقاضے شامل ہیں. ہم فوری طور پر ان سوالات کے جواب دینے کی غرض سے کام کر رہے ہیں اور آپ کو جلد از جلد آگاہ کریں گے.

ہم میں سے کسی نے تصور نہیں کیا تھا کہ ہمارے اسکول کے سال کا حتمی دور ایسا ہو گا، لیکن جیسا کہ ہم نے اس سفر کے آغاز کے وقت کیا، اسی طرح ہم ایک دوسرے کو اس مشکل وقت سے نکالنے کی غرض سے مل جل کر کام کریں گے. ہم یہاں آپ کے لئے موجود ہیں، اور ہم اختتام پر مضبوط بن کر ابھریں گے.

براہ کرم محفوظ، صحت مند، اور رابطے میں رہیں.

خیر خواہ،

جینس کے جیکسن (Janice K. Jackson)، EdD
چیف ایگزیکٹو آفیسر
شکاگو پبلک اسکولز

لاتانیا ڈی میک ڈیڈ (LaTanya D. McDade)
چیف ایجوکیشن آفیسر
شکاگو پبلک اسکولز